قومی احتساب بیورو

(اسلام آباد)

****

Dated: 10th December, 2025

پریس ریلیز

نیب کے زیرِ اہتمام کرپشن کے خلاف آگاہی واک: سپیکر قومی اسمبلی اور چیئرمین نیب کی قیادت میں عوام اور سرکاری نمائندہ گان کی بھرپور شرکت

اسلام آباد: قومی احتساب بیورو (NAB) نے بین الاقوامی یومِ انسدادِ بدعنوانی (International Anti-Corruption Day) منانے کے حوالے سے نیب راولپنڈی / اسلام اباد کے زیرِ اہتمام آج اسلام آباد میں بدعنوانی کے خلاف ایک وسیع اور مؤثر آگاہی واک کا اہتمام کیا۔ واک کا مقصد عوام میں بدعنوانی کے مضمرات سے متعلق شعور بیدار کرنا اور شفافیت کے فروغ کے عزم کو اجاگر کرنا تھا۔

اس پروقار واک کی قیادت سپیکر قومی اسمبلی، سردار ایاز صادق اور چیئرمین نیب، لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد، ڈی جی نیب (اسلام اباد / راولپنڈی) وقار احمد چوہان نے کی۔

واک میں زندگی کے ہر طبقہ فکر کے اراکین، ممتاز سیاستدان، اراکین اسمبلی، سفارتکار، اعلیٰ سرکاری افسران (بیوروکریٹس)، رویت ہلال کمیٹی اور علماء اکرام کے وفد، اسلام اباد وراولپنڈی بزنس چیمبر کی قیادت، سول سوسائٹی کے سرکردہ ارکان، میڈیا نمائندگان، طلباء، اور نیب کے سینئر افسران واہلکاروں نے شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے نیب کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ نیب کی اصلاح پسند پالیسی سے اب لوگوں میں نیب کا خوف وہراس ختم ہوا ہے اور ادارے پر عوام، کاروباری طبقے، سیاستدانوں، اور افسران کا اعتماد بحال ہوا ہے۔

اسپیکر ایاز صادق نے کہا کہ اس واک میں زندگی کے تمام شعبوں بلخصوص کاروباری، سیاسی اور ذرائع ابلاغ سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت قابل تعریف ہے۔

اسپیکر نے مزید کہا کہ گذشتہ ڈھائی سالوں میں نیب اپنے اندر ادارہ جاتی اصلاع کرتے ہوئے اور وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے تعاون سے غیر معمولی وصولیوں کو ممکن بنایا ہے۔ جو کہ قابل تحسین ہے۔

اسپیکر نے نیب کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نیب نے لوگوں کی لوٹی ہوئی رقم واپس دلا کے لوگوں کی دادرسی اور احتساب وانصاف پر لاگوں کا اعتماد بحال کیا ہے۔

اسپیکر ایاز صادق نے کہا کہ کرپشن ایک زہر قاتل ہے جو کسی بھی ملک کی معاشی اور سماجی بنیادوں کو کھوکھلا کر دیتی ہے۔ یہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کرپشن کے مکمل خاتمے کے لیے مکمل طور پر پر عزم ہے اور نیب سمیت تمام اداروں کو اس سلسلے میں ان کی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرنے میں بھرپور تعاون حاصل ہے۔

چیئرمین نیب، لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کثیر تعداد میں شرکاء کی آمد اور تعاون پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ نیب اپنے آئینی مینڈیٹ کی تکمیل کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہا ہے۔

آج کی واک اس بات کا ثبوت ہے کہ پوری قوم اس لعنت سے نجات چاہتی ہے۔ ہم عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ بدعنوانی کے خلاف کھڑے ہو کے نیب کے ہاتھوں کو مضبوط کریں۔

انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ اداروں کے باہمی تعاون سے ہی شفاف نظام کا خواب حقیقت میں بدلا جا سکتا ہے۔

اس موقع پہ چیئرمین نیب نے ادارے کی گذشتہ ڈھائی سالہ اور بالخصوص اس سال 2025 کی کی کارکردگی پہ روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ ہم۔ سب کا قومی اور اخلاقی فرض ہے کہ ھم اپنی خود کی اصلاح کریں تا کہ ھمارہ گھرانہ، معاشرہ اور ملک شفافیت کی طرف گامزن ہو سکے۔

چیئرمین نے مزید کہا کہ اس سال نیب نے 70 ھزار سے زائد افراد کو انکی لوٹی ہوئی رقم 164 ارب روپے جبکہ گذشتہ تین سالوں میں نیب نے 131،500 سے زائد افراد کو اکی لوٹی ھوئی رقم 207 ارب روپے واپس دلائے۔

اس موقع پہ ڈی جی نیب (راولپنڈی / اسلام اباد) وقار احمد چوہان نے تمام شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کرپشن کسی ایک ادارے یا فرد کا نہیں، پوری قوم کا مشترکہ مسلہ ہے۔ آج کی یہ آگاہی واک اس اجتماعی عزم اور یک جہتی کی علامت ہے کہ ہم سب مل کر اس ناسور کے خلاف کھڑے ہیں۔

اس موقع پر مختلف رہائشی اسکیموں اور مالی بدعنوانیوں کے متاثرین نے NAB پر اپنے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نیب کی جانب سے بازیاب کی گئی رقوم کی واپسی سے حقیقی معنوں میں ان کی دادرسی ہوئی ہے۔

متاثرین نے نیب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ لوٹی گئی رقم کی واپسی نے ان کے ادارے پر اعتماد بحال کیا ہے اور انہیں انصاف ملنے کا یقین ہوا ہے۔

واک کے شرکاء نے عوام میں بدعنوانی سے بچنے اور اس کے خاتمے کے حوالے سے نیب کی جانب سے آگاہی مہم کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے اس سلسلے میں حکومت اور نیب کے ساتھ بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔